حیدرآباد بورڈ

اسلامیات

سالانہ امتحان 2014

(حصہ معروضی طرز کے سوالات)

سوال نمبر ۱: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) زکواۃ کے لفظی معنیٰ ہیں۔۔

(الف) مدد کرنا (ب) پاک کرنا (ج) حکم ماننا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) مکاء کے معنیٰ کیا ہیں؟

(الف) سیٹیاں (ب) تالیاں (ج) باتیں کرنا (د) شور کرنا

(iii) شرد کے معنیٰ کیا ہیں۔

(الف) مارو (ب) قتل کرو (ج) بھگادو (د) پیچھا کرنا

(iv) ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہو جانے کہ کیا کہتے ہیں۔

(الف) نصرت (ب) ہجرت (ج) سیاحت (د) ان میں سے کوئی نہیں

(v) لاتخونو کے معنیٰ کیا ہیں۔

(الف) میل ہو (ب) خوش ہو (ج) ڈر (د) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) الاحزاب کے معنیٰ کیا ہیں۔

(الف) ایک گروہ (ب) گروہوں (ج) لشکر (د) جنگجو

(vii) جوف کے معنیٰ کیا ہیں۔

(الف) سر (ب) پاؤں (ج) کمزور کرنے والا (د) رحم دل

(viii) کس کے دور خلافت میں قرآن مجید کی نقل تیار کروا کر تمام صوبائی دارلحکومتوں میں ایک ایک نسخہ کے طور پر بھجوائی گئیں۔

(الف) حضرت ابوبکرؓ (ب) حضرت عمرؓ (ج) حضرت عثمانؓ (د) حضرت علی کرم اللہ وجہہ

(ix) جنگ بدر میں کفار کے مسلح لشکر کا سردار کون تھا۔

(الف) ابوسفیان (ب) ابوجہل (ج) ابولہب (د) عتبہ

(x) قرآن مجید کتنے سالوں تک نازل ہوتا رہا۔

(الف) دس سال (ب) تیرہ سال (ج) بیس سال (د) تیئس سال

(xi) کفار کا تجارتی لشکر کس ملک سے واپس آرہا تھا۔

(الف) یمن (ب) حبشہ (ج) شام (د) ایران

(xii) سورۃ الانفال میں مال غنیمت کی تقسیم میں کتنے حصے بتائے گئے ہیں۔

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

(xiii) زمین پر اللہ تعالیٰ کا نائب اور خلیفہ کسے قرار دیا گیا ہے؟

(الف) فرشتے (ب) جن (ج) انسان (د) جانور

(xiv) قرآن کریم نے زکواۃ کے کتنے مصارف بیان کیے ہیں۔

(الف) چار (ب) چھ (ج) سات (د) آٹھ

(xv) قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ کس کے اوپر ہے۔

(الف) اللہ تعالیٰ پر (ب) حضرت محمد ﷺ (ج) مسلمانوں پر (د) فرشتوں پر